جناب بار حسین صاحب - مولانا نور محمد صاحب نور ڈھیر - جناب فضل وہاب صاحب اور جناب ناصر خان صاحب۔

نئے تعلیمی سال کا آغاز ۱۲ شوال کو دارالعلوم کے تعلیمی سال کا آغاز دارالحدیث میں ختم کلام پاک سے ہوا۔ اس کے بعد حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے ترمذی شریف سے اسباق کا افتتاح کرتے ہوئے طلبہ سے فضیلت علوم دین اور دینی و ملی تقاضوں پر مبسوط خطاب فرمایا۔ ملک و بیرون ملک تمام معاونین دارالعلوم کے لئے دعائیں کی گئیں۔ بالخصوص عالم اسلام کے اتحاد اور افغانستان میں برسرپیکار مجاہدین کی فتح۔

اس وقت اسباق پورے گرما گرمی سے شروع ہو چکے ہیں۔ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ بھی ترمذی شریف اور بخاری شریف کچھ حصے بحمد اللہ باقاعدگی سے پڑھا رہے ہیں۔ دورہ حدیث کی تعداد ستو سے متجاوز ہو چکی ہے جب کہ ابھی طلبہ کی آمد آمد ہے۔

مولانا سمیع الحق کا سفر چین مولانا سمیع الحق صاحب جو عوامی جمہوریہ چین کی دعوت پر ایک وفد میں ۲۴ راگست کو چین کے سفر پر گئے۔ بیکنگ - سنکیانگ - شنگھائی - کنٹین کا کامیاب اور معلومات آفریں دورہ کرنے کے بعد ۱۹ راگست کو بخیر و عافیت واپس ہو گئے۔ آپ نے دور دراز علاقوں میں مسلمانوں کے حالات کا مطالعہ کیا۔ اس اہم سفر کو دارالعلوم حقانیہ اپنے لئے موجب فخر و اعزاز سمجھتا ہے۔ اور دارالعلوم کے حلقوں اور قارئین الحق اس پر بڑی مسرت کا اظہار کیا جا رہا ہے۔

★ دارالعلوم کے ایک جید و ممتاز استاذ حضرت مولانا فضل مولی صاحب اور حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کے ایک فرزند برادرم اظہار الحق صاحب سفر حج پر تشریف لے گئے ہیں۔

مشاہیر علوم دیوبند سائز ۲۰×۲۶/۸ صفحات ۶۷۰
ڈائی دار جلد عمدہ سینکڑوں علماء دیوبند کے مختصر مگر جامع حالات زندگی پر اپنی نوعیت کی پہلی کتاب۔ علمی خدمات اور نایاب ہزاروں تصانیف کا تذکرہ تالیف قاری فیوض الرحمان ایم۔اے۔ علماء و مشاہیر دیوبند کے انسائیکلوپیڈیا کی پہلی جلد۔ قیمت ۴۰ روپے

قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین فضیلت صدیقؓ و فاروقؓ
حجۃ الاسلام حضرت شاہ ولی اللہ کی معرکۃ الآرا بلند پایہ تحقیقی تصنیف۔ نہایت عمدہ بہترین ڈائی دار جلد اعلیٰ کاغذ کیساتھ دیدہ زیب ایڈیشن۔ قیمت ۴۰ روپے صفحات ۳۳۶

منہاج السنن شرح جامع السنن
جلد اوّل (عربی)

امام ترمذی کی کتاب ترمذی شریف کی نہایت جامع اور مختصر شرح۔ درس و تدریس کے لئے نہایت کارآمد۔ مؤتمر المصنفین کی ایک قیمتی اور تازہ پیشکش علامہ مولانا محمد فرید صاحب مفتی و مدرس دارالعلوم حقانیہ کے قلم سے۔ صفحات ۳۰۳ قیمت -/۲۵ روپے

مؤتمر المصنفین دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع پشاور